رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کا تذکرہ اور ان کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں سر فہرست مفتی نذیر احمد سیالوی صاحب (شیخ الحدیث جامعہ محمدیہ معینیہ فیصل آباد) کی دو جلدوں پر مشتمل کتاب، مناقب الخلفاء الراشدین مع عقائد العلماء الربانیین ہے۔جیسا کہ کتاب کے نام سے ظاہر ہے اس میں خلفائے راشدین المہدیین کے فضائل ومناقب بیان کئے گئے ہیں اور دلائل کے ساتھ ان کی افضلیت کا تعین بھی کیا گیا ہے، افضلیت کے حوالہ سے موجود اختلافی آراء کا مدلل تجزیہ کیا گیا ہے اور احقاق حق کی سعی بلیغ کی گئی ہے۔اس موضوع پر اب تک لکھی جانے والی کتب کا تعاقب بھی کیا گیا ہے اور اصلاح احوال کی کوشش بھی حضرت مصنف کے پیش نظر رہی ہے۔کتاب نومبر ۲۰۱۶ میں مکمل ہوئی اور اگست ۲۰۱۷ میں شائع ہوئی ہے اور اسے تیزی سے قبول عام حاصل ہورہا ہے۔غالبا اس میں حضرت مصنف کے اخلاص کا عمل دخل ہے۔کتاب کے مطالعہ کے بعد ہر وہ شخص جس کا دل بغض شیخین سے خالی ہے ضرور راہ نجات وہدایت پا جائے گا اور جس نے اپنے دل میں قومی یا نسبی تعصب پال کر جوان کررکھا ہوا سے کتاب ہذا سے کوئی فائدہ ہوگا اور نہ ذلک الکتاب سے......جلد اول ۵۰۰ صفحات پر مشتمل جبکہ جلد دوم ۶۰۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ہر دو کا ہدیہ پانچ پانچ سو روپے ہے......جاذب نظر سرورق کے ساتھ دونوں جلدیں خوبصورت نظر آرہی ہیں، مگر جلد ساز نے بڑی زیادتی کی ہے کہ جلد ایسی بناڈالی ہے

کہ کتاب پوری نہ کھل سکے اور اگر کھولنے کی کوشش کی جائے تو جلد ہی ادھڑ جائے۔

کتاب ملنے کا پتہ: اہل السنۃ پبلی کیشنز......گلی شاندار بیکرز منگلا روڈ، دینہ ضلع جہلم ......

دوسرا تحفہ بھی مفتی نذیر احمد سیالوی صاحب کی دوسری کتاب دیدار الٰہی کی شرعی حیثیت کا ہے......کتاب ہذا میں مفتی صاحب نے یہ بات سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ دنیوی زندگی میں بحالت بیداری سر کی آنکھوں سے اللہ کا دیدار کرنا عقلاً ناممکن ہے۔

آخرت میں تمام مؤمنین کو اللہ تعالیٰ اپنے دیدار سے مشرف فرمائیں گے......مفتی صاحب نے اس کلامی مسئلہ کو شرح وبسط کے ساتھ بیان فرمایا ہے چنانچہ ۲۲۸ صفحات پر مشتمل یہ کتاب اس مسئلہ کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اور قارئین کو دعوت دیتی ہے کہ وہ مسئلہ رویت باری کے حوالہ سے اگر کوئی آسان زبان میں کچھ پڑھنا چاہتا ہے تو اس کتاب کو پڑھے......

کتاب مجلد ہے اور جلد کا سرورق خوبصورت ہے۔ ملنے کا پتہ: اہل السنۃ پبلی کیشنز......گلی شاندار بیکرز منگلا روڈ، دینہ ضلع جہلم۔

....

[redacted]

اصلاح امت

مرتبین۔ علامہ پیر سید کرامت علی حسین شاہ صاحب (علی پور سیداں نارووال)

حضرت خواجہ محمد معظم الحق معظمی صاحب (معظم آباد سرگودھا)

اپنے موضوع پر ایک نہایت عمدہ اور فکر انگیز کتاب

ملنے کا پتہ: خانقاہ معظمیہ سرگودھا..........خانقاہ عالیہ علی پور سیداں نارووال

★اترک المستقبل حتی یاتی، ولا تہتم بالغد، لانک اذا اصلحت یومک صلح غدک۔★